© rasailojaraid.com


# وزارتِ تعلیم

## پاکستان کے دینی مدارس کے مہتمم صاحبان متوجہ ہوں

نیشنل ایجوکیشن پالیسی کی روشنی میں حکومت پاکستان وفاقی وزارت تعلیم (اسلامک ایجوکیشن ریسرچ سیل) ملک کے دینی مدارس میں مذہبی علوم کے ساتھ ساتھ میٹرک کی سطح تک دورِ حاضرہ کے جدید علوم انگریزی، معاشیات اور مطالعہ پاکستان کی تدریس کا انتظام کرنے کی ابتداء کر چکی ہے۔ چنانچہ دس مدارس کو ان کی مرضی کے مطابق اس مقصد کے پیش نظر ایک سال کی امداد دی جا چکی ہے۔

پروگرام کے مطابق سالِ رواں میں مزید پندرہ مدارس منتخب کئے جائیں گے۔ ہر مدرسہ کے لئے دو دو اساتذہ کی تنخواہ مروّجہ پے سکیلز کے مطابق حکومت پاکستان پہلے سال پوری تنخواہ اور دوسرے سال ۷۵ فیصد تنخواہ دے گی۔

نیز متعلقہ مدارس کو انگریزی، معاشیات اور مطالعہ پاکستان کی درسی کتابوں کے پچیس سیٹس فی مدرسہ دی جائیں گی۔ جن کی ۷۵ فیصد قیمت حکومت ادا کرے گی۔

ان دینی مدارس کے مہتمم صاحبان جو اپنے مدارس میں مذکورہ مضامین کی تدریس کے خواہشمند ہوں ۱۵ ستمبر ۱۹۸۶ء سے قبل اسلامک ایجوکیشنل ریسرچ سیل وزارت تعلیم، سیکٹر ایچ ۹ اسلام آباد سے تحریری یا فون نمبر ۰۲ – ۶۰۰۲ ۵ پر رابطہ قائم کریں۔ جن دس مدارس کو اس سکیم کے تحت پہلے سے شامل کیا گیا ہے انہیں درخواست دینے کی ضرورت نہیں۔

محمد حنیف
ریسرچ سکالر

PID (I) - 5/83

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com